اللہ نے جب وہ آیت اتاری، جس میں شراب حرام کی گئی ہے، تو اس وقت مدینہ میں جو بھی شراب پی جاتی تھی، سب کھجور سے بنتی تھی

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں: "اللہ تعالی نے جب وہ آیت اتاری، جس میں شراب حرام کی گئی ہے، تو اس وقت مدینہ میں جو بھی شراب پی جاتی تھی، سب کھجور سے بنتی تھی"
[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے]

اس حدیث میں انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب اللہ تعالی نے شراب کی حرمت کی آیت نازل کی، اس وقت مدینہ منورہ میں جتنی طرح کی شراب بنتی تھی، سب کھجور سے بنتی تھی، جو اس بات کی دلیل ہے کہ شراب کے حرام ہونے کی علت اس کا نشہ آور ہونا ہے، قطع اس سے کہ وہ کس چیز سے بنی ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/58258